## حکومت خیبر پختونخواہ ہائیڈرو پاور اور قابل تجدید توانائی کا ترقیاتی پروگرام

# Khyber Pakhtunkhwa Hydropower & Renewable Energy Development Program

## Pakhtunkhwa Energy Development Organization

## خلاصہ برائے مدین ہائیڈرو پاور پروجیکٹ

# Resettlement Action Plan (RAP) - Madyan Hydropower Project

**منصوبے کا تعارف:**

حکومت خیبر پختونخواہ انرجی ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن کے توسط سے خیبر پختونخواہ ہائیڈرو پاور اور قابل تجدید توانائی ترقیاتی پروگرام دریائے سوات مدین پر تعمیر کیا جائیگا جو کہ مدین ہائیڈرو پاور پروجیکٹ کو بنانے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے، جس کی مالی معاونت عالمی بینک کر رہا ہے ۔اس منصوبے کو عالمی بینک نے پختونخواہ ہائیڈرو پاور اینڈ رینیوایبل انرجی ڈیولپمنٹ پروگرام (KHREDP)کے ذریعے مالی معاونت فراہم کی ہے۔ لہذا اس منصوبے کے تحت تیار کردہ تمام ماحولیاتی اور سماجی اطوار مقامی طور پر قابل اطلاق قواعد وضوابط اور عالمی بینک کی آپریشنل پالیسیوں اور ہدایات اور رہنما اصول دونوں کے مطابق ہیں۔

اس منصوبے سے ملک میں بجلی کی پیداوار اور فراہمی میں اضافہ ہوگا۔ اس منصوبے کی وجہ سے متاثرہ افراد کو نقل مکانی ،آبادکاری اور غیر رضاکارانہ طور پر زمین کے حصول جیسے مسائل کا سامنا پڑ سکتا ہیں۔ان مسائل کو حل کرنے کے لیے دوبارہ آبادکاری کا منصوبہ تشکیل دیا گیاہے۔جو کے عالمی بینک کی آپریشنل پالیسی(OP 4.12) کے تحت بنایا گیاہے۔ اس پلان کا بنیادی مقصد ممکنہ اثرات کی نشاندہی کرنا ، زمین کے حصول اور اثاثوں کو پہنچنے والے نقصانات کو کم سے کم کرنا اور ان کا ازالہ کرنے کے لئے اقدامات کی منصوبہ بندی کرنا ہے۔

اس منصوبے کا حتمی ڈیزائن پراجیکٹ کے ڈیزائن کے مطابق (اگر ضرورت ہو ) میں معمولی ردوبدل لایا جائے گا۔اس منصوبے کے تحت متاثرہ افراد کو منصافانہ طور پر ان کے نقصانات کاازالہ دیا جائیگا۔ تاکہ انکی زندگی اور زریعہ معاش کو بہتر بنایا جاسکے۔

مدین ہائیڈرو پاور پروجیکٹ (MHPP) Run of River پراجیکٹ ہے۔سایٹ(Site)پراجیکٹ تک رسائی موٹروے(M1)اور نیشنل ہائے وے دونوں سے ممکن ہے۔ یہ پراجیکٹ ضلع سوات کے شہر مدین سے سے 12 کلو میٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ مدین ایک سیاحتی مقام ہے۔جو کہ پشاور سے 200 کلو میٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔

## منصوبہ کی تفصیل

پروجیکٹ مندرجہ ذیل بنیادی ساختی اجزاء پر مشتمل ہے:

- 16.2 میٹر اونچا، 107 میٹر چوڑا بند بمعہ پانی کی گزرگاہ (اسپل وے)،اور مچھلیوں کے گزرنے کے لیے راستہ (Fish Ladder)ہوگا۔
- ایک 72.9 میٹر طویل بجلی کی پاور انٹیک(Power Intake)،جو ویئر کے بائیں حصے میں تجویز کی گئی ہے۔
- ویئر کے بائیں جانب دو زیرزمین ڈیسنڈر چیمبرز (Desander Chambers) تجویز کیے گئے ہیں۔
- بجلی کی پاور انٹیک (Power Intake) کو ڈیسنڈر چیمبرز سے جوڑنے کے لئے 910 میٹر لمبی اپروچ ٹنل(Approach Tunnel)۔
- زیرزمین پاور ہاؤس(86.6 میگاواٹ کے دو بڑے یونٹ اور 33.8 میگاواٹ کے ایک چھوٹے یونٹ کے ساتھ)اور 220 KV گیس انسولیٹڈ سوئچ گیئر سسٹم(Gas Insulated Switchgear System).
- پانی کو روکنے کے مقام سے بجلی کے مقام تک 11.18 کلو میٹر زیرزمین ٹنل۔
- 01 کلو میٹر (تقریبا) طویل 220 کے وی ٹرانسمیشن لائن(220kv Transmission Line)۔
- دریائے سوات کو عبور کرنے کے لیے ایک مستقل نیا پل(Permanent Bridge) جو دائیں کنارے پر N-95 ہائی وے اور بائیں کنارے پر نئی تعمیراتی سڑک کے درمیان منسلک ہو گا۔

- کھدائی شدہ مواد کو ٹھکانے لگانا(Dispose off) کرنے کے لئے متعدد مقامات اور ;
- پروجیکٹ کالونی جس میں 50 عملے (O&M) کے لئے ضروری سہولیات کی فراہمی

حصول اراضی کے ممکنہ اثرات کو جانچنے اور دوبارہ آبادکاری کے لئے مختلف قسم کے طریقے استعمال کئے گئے ہیں۔ جن میں پروجیکٹ سے متاثرہ افراد کی مردم شماری، Detailed Measurement سروے، سماجی و اقتصادی سروے اور پراجیکٹ پر محیط دستاویزات کا تفصیلی جائزہ شامل ہے۔ یہ سروے 31 جنوری 2023 کو مکمل ہوا۔ اور یہی تاریخ منصوبے کی Cut of Date گردانی گئی ہے۔ Cut of Date سے متعلق معلومات علاقے کے متاثرہ افراد اور معززین کے ساتھ مقامی جرگوں اور ملاقاتوں کے دوران فراہم کی گئی ہے۔

متاثرہ دیہاتوں کے سماجی اور اقتصادی حالات کو جانچنے کے لیے ان میں سے 20 فیصد گھرانوں کا انتخاب کیا گیا۔ اور سوالنامے کے ذریعے ان کے حالات کا جائزہ لیا گیا۔ پراجیکٹ سے ممکنہ اثرات کو جانچنے کے لیے 100 فیصد متاثرہ گھرانوں سے معلومات حاصل کی گئی۔

پراجیکٹ سے متاثر ہونے والی زمین "1049.40" کنال[1] ہوگی۔ پروجیکٹ کے نظرثانی شدہ ڈیزائن کے مطابق (تقریبا 53 ہیکٹر)۔ زمین "141" زمینداروں کی ملکیت ہے۔ اس کے علاوہ "105" کنال سرکاری زمین بھی متاثر ہوگی۔

منصوبے کے لئے درکار زمین کا خلاصہ جدول ES-1 میں فراہم کیا گیا ہے۔

**جدول ES- 1: منصوبے کے زمین اور دوبارہ آبادکاری کے اثرات**

| سیریل نمبر | زمرہ: اثرات کے دراجات | متاثرہ زمین | | متاثرہ گھرانے | متاثرہ افراد | ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | کنال | ہیکٹرز | | | |
| A) .زمین کا مستقل حصول | | | | | | |
| .i | کاشت شدہ/زراعتی زمین۔ | 639.64 | 32.36 | 103 | 811 | اراضی کو مستقل طور پر خریدنا ۔ |

[1] کنال ایک ایکڑ کا آٹھواں حصہ ہے۔

| سیریل نمبر | زمرہ: اثرات کے دراجات | متاثرہ زمین | | متاثرہ گھرانے | متاثرہ افراد | ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | کنال | ہیکٹرز | | | |
| .ii | بنجر زمین (غیر کاشت شدہ) | 285.28 | 14.43 | 01 | 8 | بنجر زمین (غیر کاشت شدہ) |
| .iii | رہائشی زمین | 19.56 | 1.38 | 37 | 291 | |
| .iv | دریا کے نیچے کی زمین | 104.92 | 5.30 | | | زیر سطح متاثرہ زمین |
| | کل | 1049.40 | 53.08 | 141 | 1110 | |
| (B). متاثرہ کاشت شدہ زمین | | | | | | |
| .I | مستقل اثرات | 639.64 | 32.36 | 103 | 811 | مستقل طور پر زرعی زمین کا ضائع ہونا |
| | کل | 639.64 | 32.36 | 103 | 811 | |
| C) | ) متاثرہ ڈھانچے | | | | | |
| .I | رہائشی مکانات (تعداد) | 37 | - | 37 | 291 | رہائشی مکانات کا مستقل بنیادوں پر نقصان |
| | کل | 37 | - | 37 | 291 | |

| سیریل نمبر | زمرہ: اثرات کے دراجات | متاثرہ زمین | | متاثرہ گھرانے | متاثرہ افراد | ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | کنال | ہیکٹرز | | | |
| (D)متاثرہ درخت (نجی) | | | | | | |
| .I | متاثرہ لکڑی/درخت (تعداد) | 348 | - | 14 | 110 | مستقل نقصان |
| .II | متاثرہ پھلدار درخت (تعداد) | 363 | - | 31 | 244 | |
| .III | متاثرہ لکڑی اور پھلدار درخت (تعداد) | 3680 | | 58 | 456 | |
| | کل | 4391 | | 103 | 811 | |
| (E). منصوبے سے متاثرہ خاندان | | | | | | |
| .I | کل مستقل متاثرہ گھرانے | | | 141 | 1110 | متاثرہ گھرانے کے متعدد اثرات ہیں۔ |
| .II | متاثرہ گھرانوں کے روزگار کا ضائع ہونا اور شدید اثرات کا سامنا | | | 138 | 1086 | |
| .III | متاثرہ گھرانوں کے امارات کا ضائع ہونا | | | 37 | 291 | |

| سیریل نمبر | زمرہ: اثرات کے دراجات | متاثرہ زمین |  | متاثرہ گھرانے | متاثرہ افراد | ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|---|
|  |  | کنال | ہیکٹرز |  |  |  |
| IV. | متاثرہ گھرانوں کے درختوں کا ضائع ہونا |  | - | 103 | 811 |  |
| V. | متاثرہ گھرانوں کے ذریعہ معاش پر اثرات | - | - | 103 | 811 |  |
| VI. | انتہائی غریب/ کمزور متاثرہ گھرانے | - |  | 49 | 386 |  |

اس منصوبے سے نجی اور سرکاری ملکیت کے متعدد ڈھانچے جسمیں تقریبا 285 کنال بنجر زمین، 640 کنال زرعی اراضی" 20"کنال رہائشی اراضی، 37 رہائشی ڈھانچے اور 4391 نجی ملکیت کے درخت متاثر ہوں گے جبکہ پانچ(05) 11 kV کھمبے اور دو(02) 132 kV کھمبے متاثر ہونگے۔ کل متاثرہ گھرانوں کی تعداد کا تخمینہ 141 لگایا گیا ہے۔ متاثرہ گھرانوں کی آبادی 1110 افراد پر مشتمل ہے، جن میں 576 مرد اور 534 خواتین شامل ہیں۔ اس کے علاوہ 49 متاثرہ گھرانے ایسے ہیں جن کی آمدنی سرکاری غربت کی لکیر (OPL) سے نیچے ہے اور ان کو کمزور گھرانوں کے طور پر لیا گیا ہے. کل 141 متاثرہ گھرانوں میں سے تقریبا 98 فیصد شدید متاثرہ گھرانے[2] ہیں۔ پروجیکٹ کی نوعیت اور مستقل اثرات کی وجہ سے ورلڈ بینک سے مدین ہائیڈرو پاور پروجیکٹ کو عالمی ادارے درجہ بندی کے لحاظ سے کیٹیگری A میں شامل کیا ہے۔

[2] سب سے زیادہ متاثر ہونے والا شخص زمین کا مالک ہوتا ہےجس کی متاثرہ زمین اس کی کل زمین کا ۱۰فیصد یا اس سے زیادہ ہوتی ہے

اس منصوبے سے 640 کنال زیر کاشت زمین متاثر ہو گی۔ مدین کے علاقے میں ربیع سیزن میں گندم اگائی جاتی ہے جبکہ مکئ خریف سیزن کی اہم فصل ہے۔ فصل کی سالانہ پیداوار 200 فیصد ہے۔

4.12 منصوبہ بندی اور ڈیزائن کو حتمی شکل دینے کے لئے یہ ضروری ہے کہ متاثرہ لوگوں کے ساتھ OP اور پاکستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ایکٹ ( PEPA)ایکٹ 1997) کے ساتھ ساتھ خیبر پختونخواانوائرمنٹل پروٹیکشن ایکٹ 2014 کے مطابق مشاورت کرنالازمی ہے۔ عوامی شمولیت کابنیادی مقصد منصوبے کے لئے حمایت پیدا کرنا، منصوبہ بندی اورڈیزائن میں مقامی لوگوں کی رائے کو استعمال کرنا،ان کے خدشات کی نشاندہی کرنا جرگے نے مشاورتی[3] عمل میں علاقے کے مقامی رہنماؤں / عمائدین کو بھی شامل کرنے کے لئے اور ان کا ازالا کرنے پر غور کرنے کے لیئےاجلاس منعقد کیے گئے ہیں۔ معلومات کی تشہیر اور مشاورتی سرگرمیاں 14 جون 2022 سے 31 جنوری 2023 تک جاری رہیں۔ مشاورتی سرگرمیوں میں 6 گاؤں میں 197 مردوں اور 51 خواتین کے ساتھ 15 مخصوص مشاورتی اجلاس بھی شامل ہیں۔ جس میں 03 جرگے بھی شامل ہے۔ مختلف سارکاری محکموں کے حکام بالا کے ساتھ 12 مشاورتی اجلاس بھی منعقد کیئے گئے ہیں۔

شفافیت اور متاثرہ گھرانوں کے افراد کی شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے دوبارہ ا آبادکاری کے چیدہ چیدہ نکات کو اجلاسوں اور جرگوں میں زیر بحث لایا گیا۔ اور متاثرہ گھرانوں کے افراد کے ساتھ اجلاسوں اور PEDO کے درمیان باہمی بات چیت کے ذریعے بتایا گیاہے۔ دوبارہ ا آبادکاری کے منصوبے(RAP) کو PEDO اور عالمی ادارے کی طرف سے منظور کیا جائے گا۔اس کی منظوری کے بعد RAP کا اردو زبان میں ترجمہ کیا جائیگا۔ جو PEDO اور عالمی ادارے کی ویب سائٹس پر ظاہر کیا جائے گا۔ RAP کو سرکاری عوامی دستاویز کے طور پر پروجیکٹ کے سائٹ پر PEDO دفتر اور فیلڈ آفس میں دستیاب کرایا جائے گا۔ RAP کی کاپیاں تحصیل بحرین کے اسسٹنٹ کمشنر (AC) کے دفاتر میں بھی آویزاں کی جائیں گی۔

اراضی کے حصول اورآ دوبارہ آبادکاری سے متعلق منصوبے کا قانونی اور پالیسی جدول اپنایا گیاہے تاکہ متاثرہ گھرانوں کو ان کی کھوئی ہوئی زمین، اثاثوں، آمدنی اور ذریعہ معاش کاازالا کرنے کیلئے وسائل اور مدد مل سکے۔ حصول اراضی قانون (LAA) مالکانہ حق داروں کو زمین اور زمین پر مبنی اثاثوں کے نقصانات کے معاوضے کی ادائیگی پر توجہ مرکوز کرتا ہے اور زمین کے مالکانہ حق کے بغیر

[3] عمائدین کی کمیٹی

متاثرہ فرد کو کوئی معاوضہ فراہم نہیں کرتا ہے۔ حکومتی قوانین اور عالمی ادارے آبادکاری (IR) کی پالیسی کے درمیان خلا کی نشاندہی کی گئی ہے اور اس منصوبے کے لیے دوبارہ آبادکاری کے اصولوں کے طور پر منصوبہ بندی کے لیے اقدامات کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ اور براہ راست یا بالواسطہ طور پر متاثر ہونے والے افراد کی تمام اقسام کی کھوئی ہوئی اثاثوں کے لئے مناسب معاوضہ دیا جائے گا۔ اور ان کے ذریعہ معاش کو بحال یا اس سے بھی بہتر بنایا جائے گا۔ ان اصولوں کے تحت متاثرہ افراد متبادل قیمت پر زمین اور دیگر اثاثوں کے لئے نقد معاوضے کے حقدار بھی ہوں گے۔ اضافی امداد آبادکاری کو تقویت دینے کے لیۓ اضافی امداد بھی فراہم کی جائے گی۔ جس میں نقل مکانی کا معاوضہ، معاشی معاوضہ کی بحالی اور کمزور غریب افراد کے لیے خصوصی مدد شامل ہے۔

**ES-12:** معاوضے اور اہلیت کے جدول LAA اور عالمی ادارے OP 4.12 کے اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ جیسا کہ جدول ES-2 میں فراہم کیا گیا ہے۔

**اہلیت کا جدول ES-2**

| نقصانات کی اقسام/ اثرات | نقصانات کی تفصیل | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | معاوضہ برائے آبادکاری اور اس کے حقوق |
|---|---|---|---|
| منصوبے کی سہولیات کی تعمیر کے لئے زمین کا مستقل نقصان | زمین کے تمام نقصانات (قابل کاشت، تجارتی، رہائشی، اور بنجر) | روایتی حقوق کے تحت مالکانہ حقوق | زمین کا معاوضہ جو کہ مارکیٹ ریٹ[4] کے مطابق گفت وشنید سے طے ہو گا۔ اور یہ معاوضہ جو کہ ٹیکسوں، رجسٹریشن اور منتقلی کے اخراجات سے مسے مستثنیٰ یا پاک ہو گا۔ |

[4] متبادل اثاثوں کی مارکیٹ کی قیمت کے مساوی ہے

| نقصانات کی اقسام/ اثرات | نقصانات کی تفصیل | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | معاوضہ برائے آبادکاری اور اس کے حقوق |
|---|---|---|---|
| | سنگین اثرات کے لئے اضافی اقدام (زمین کے نقصان کا 10٪ سے زیادہ) | کسان/مالکانہ حقوق اور معاہدہ کے ذریعے حاصل کی گئی زمین۔ | ایک بار ادا کیا جانے والا شدید متاثرہ افراد کا معاوضہ 05 سال کے لئے متاثرہ زمین کی مجموعی فصل کی مارکیٹ کی قیمت کے برابر ہے (معیاری فصل معاوضے کے علاوہ موسم سرما اور موسم گرما کی فصل بھی شامل ہے) |
| رہائشی/ تجارتی زمین | متاثرہ گھرانے اپنی تجارتی/ رہائشی زمین کھو رہا ہے | مالک | ٹیکس، رجسٹریشن اور منتقلی کے اخراجات سے پاک مکمل متبادل قیمت پر متاثرہ زمین کے لئے نقد معاوضہ۔ |
| زرعی زمین/ پیداواری اثاثوں تک عارضی رسائی کا نقصان | رسائی پر پابندی | روایتی حقوق کے تحت مالکانہ حقوق/زمین دار | ▪ زمین کے نقصان کی کوئی ادائیگی نہیں۔<br>▪ کھڑی فصلوں اور درختوں کے نقصان کے لئے نقد ادائیگی (اگر متاثر ہو) مارکیٹ کے نرخوں پر۔<br>▪ رسائی کی پابندی کی وجہ سے فصلوں کے نقصان کی مدت کے لئے مارکیٹ کے نرخوں پر مستقبل کی فصل |

| نقصانات کی اقسام/ اثرات | نقصانات کی تفصیل | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | معاوضہ برائے آبادکاری اور اس کے حقوق |
|---|---|---|---|
| | | | کی پیداوار کے نقصان (اگر متاثر ہوں) کے لئے نقد ادائیگی۔<br>▪ نقصان کی مدت کے لئے آمدنی کے نقصان کے لئے نقد ادائیگی، زیادہ سے زیادہ 3 سال تک۔ |
| | | حصہ دار/کرایہ دار/تجاوزات کرنے والے/قبضہ کرنے والے | ▪ زمین کے نقصان کی کوئی ادائیگی نہیں۔<br>▪ کھڑی فصلوں اور درختوں کے نقصان کے لئے مارکیٹ کے نرخوں پر نقد ادائیگی، اگر متاثرہ حصہ دار /کرایہ دار/قبضہ کرنے والے کے ذریعہ درخت متاثر اور کاشت کیے گئے ہے۔<br>▪ رسائی کی پابندی کی وجہ سے فصلوں کے نقصان کی مدت کے لئے مارکیٹ کے |

| معاوضہ برائے آبادکاری اور اس کے حقوق | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | نقصانات کی تفصیل | نقصانات کی اقسام/ اثرات |
|---|---|---|---|
| نرخوں پر مستقبل کی فصل کی پیداوار کے نقصانات (اگر متاثر ہوں) کے لئے نقد ادائیگی۔<br>▪ حصہ دار/کرایہ دار/قبضہ کرنے والے کو فصلوں کے نقصان کے لئے مالک کو جزوی ادائیگی/مالک کے ساتھ/کرایہ داری کے معاہدے (زبانی یا تحریری) کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔<br>▪ 12 ماہ کے لئے آمدنی کے نقصان کے لئے نقد ادائیگی سرکاری غربت کی لکیر (OPL) کے برابر ہے۔ | | | |
| ▪ زمین کے کٹے ہوئے ٹکڑوں کو رسائی کے راستوں، سڑکوں اور پلوں کے ذریعے جوڑنا۔ | تمام متاثرہ افراد (نجی یا سرکاری زمین پر غیر مالک /صارف یا قابض)۔ | محدود رسائی: زرعی زمینوں کے زمیندار/مرد یا خواتین کاشت کار/ تجاوز کنندہ | زمین کی تقسیم کی وجہ سے منفی اثرات |

| نقصانات کی اقسام/ اثرات | نقصانات کی تفصیل | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | معاوضہ برائے آبادکاری اور اس کے حقوق |
|---|---|---|---|
| (مستقل یا عارضی) | (عمارات سماجی حدمات مقامی ابادی کے رابطوں میں حلل پینے کی پانی کی لائینیں / آبپاشی کے نالے/رسمی اور غیر رسمی راستے /سڑکیں/پل | | ▪ کٹے ہوئے زمینوں کو سیراب کرنے کے لئے ابپاشی کی بحالی۔<br>▪ رسمی اور غیر رسمی پیدل راستوں کی تعیر/بحالی۔<br>▪ پلاٹ کی علیحدگی کے متاثرہ مالکان زمین کی طے شدہ لاگت کے 25 فیصد حصے کے معاوضے کے اہل ہونگے (متاثرہ تقسیم شدہ پلاٹ مالک کی ملکیت رہیگی<br>۔<br>▪ نقصان کنندہ لیز ہولڈر کرایہ داروں کو تحریری معاہدے کے مطابق بقیہ ادائیگی / کرایہ نامے کی مدت کے مطابق متاثرہ زمین کے کرایہ کے برابر نقد ادائیگی ملے گی۔تاہم، پروجیکٹ سے متاثرہ افراد |

| معاوضہ برائے آبادکاری اور اس کے حقوق | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | نقصانات کی تفصیل | نقصانات کی اقسام/ اثرات |
|---|---|---|---|
| میں کوئی کرایہ دار نہیں پایا گیا۔<br>▪ غیر مالک تجاوز کنندہ کی نشاندہی نہیں کی گی۔ | | | |
| ▪ زمین کے نقصان کی کوئی ادائیگی نہیں ہو گی۔<br>▪ پروجیکٹ ڈائریکٹر کی منظوری کے ساتھ مالکان / لیز ہولڈر اور ٹھیکیدار کے مابین مختصر مدت کے معاہدے کے ذریعے زمین عارضی طور پر حاصل کی جائے گی۔<br>▪ کرایہ کی شرائط ملکان کی رضہ مندی کے مطابق طے ہو گی۔<br>▪ ٹھیکیدار زمین کو اپنی اصل حالت کے مطابق مکمل بحالی کرے گا یا ٹیھکہ دار | روایتی ملکان / لیز ہولڈر | تعمیراتی کاموں کے دوران عارضی طور پر درکار زمین | قابل کاشت زمین یا غیر قابل کاشت زمین پر عارضی اثرات |

| نقصانات کی اقسام/ اثرات | نقصانات کی تفصیل | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | معاوضہ برائے آبادکاری اور اس کے حقوق |
|---|---|---|---|
| | | | زمین کی بحال کے ا خراجات کی مکمل لاگت ادا کرے گا۔<br>▪ ٹھیکیدار زمین کے کرائے کی مکمل ادائیگی کرے گا،<br>▪ ٹھیکیدار فصل کی خرابی کی صورت میں مارکیٹ ریٹ کے مطابق صرف ایک متاثرہ فصل کا معاوضہ ادا کرے گا۔ |
| فصلوں کا نقصان | قابل کاشت زمین | روایتی مالکان | محکمہ زراعت، GoKP کے حساب کے مطابق اوسط پیداوار کی بنیاد پر کھڑی فصلوں کے لئے مکمل مجموعی مارکیٹ ریٹ پر معاوضہ دیا جائیگا۔ |
| لکڑی کے درختوں کا نقصان | متاثرہ درخت | درختوں کے مالک/کاشت کار | ▪ کاشتکار کو لکڑی کے درختوں کا نقد معاوضہ ان کی خشک لکڑی کے حجم کے مطابق مارکیٹ ریٹ کی |

| نقصانات کی اقسام/ اثرات | نقصانات کی تفصیل | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | معاوضہ برائے آبادکاری اوراس کے حقوق |
|---|---|---|---|
| | | | بنیاد پر معاوضہ دیا جائیگا جیسا کہ محکمہ جنگلات، GoKP کے اصولوں سے طے کیا جاتا ہے۔<br>▪ کاٹے ہوئے درخت کی لکڑی مالک کے پاس رہے گی اور معاوضے سے اس کی قیمت کی کٹوتی نہیں کی جائے گی۔ |
| پھلدار درختوں کا نقصان | متاثرہ پھلدار درخت | مالکان/کاشتکار | ▪ محکمہ زراعت مدین کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر سالانہ خالص مصنوعات کی مارکیٹ ریٹ پر مبنی آمدنی کا نقد معاوضہ 5 سال تک کی پیداوار۔ درختوں کو پھلوں کے عمر تک دوبارہ اگانے کے لئے سرمایہ کاری کی لاگت کی ادائیگی۔ |

| معاوضہ برائے آبادکاری اور اس کے حقوق | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | نقصانات کی تفصیل | نقصانات کی اقسام/ اثرات |
|---|---|---|---|
| ▪ کٹے ہوئے درختوں کی لکڑی مالک کے پاس رہیگی اور معاوضے سے اس کی قیمت کی کٹوتی نہیں ہو گی۔ | | | |
| ▪ نقد معاوضہ اور اس کے اندر دیگر اثاثہ جات لاگت کا ماوضہ [5] (جدید ترین مارکیٹ کے نظام (MRS) کے مطابق جو کہ محکمہ تعمیرات و معاصلات کے طے شدہ ہے)، ٹیکسوں سے پاک ، ملبے کی قیمت کی کٹوتی نہیں ہو گی۔ ملبہ مالک کے ملکیت ہو گا۔<br>▪ جزوی نقصان کی صورت میں بقایا عمارت کو مکمل طور پر بحال کرنے کے لئے نقد معاوضے کی ادائیگی | تعمیر شدہ عمارت کے مالک تجاوز کنندہ سرکاری زمین پر عمارت بنانے والے/ مقامی اباد ی کی مشترکہ عمارات کے منتظم (جو کہ سرکاری یا مقامی اباد ی کی وجہ سے مقرر کئے گئے ہوں)۔ | ہر طرح کی تعمیرات /عمارات (رہایشی یا تجارتی) | تعمیرات /عمارات کا نقصان |

5 عمارتوں کے متابادل قیمت میں مواد اور مزدوری کی مارکیٹ ریٹ کا خاوالہ،اور عمارت کی جگہ پر نقل و حمل کی قیمت شامل ہے

| نقصانات کی اقسام/ اثرات | نقصانات کی تفصیل | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | معاوضہ برائے آبادکاری اور اس کے حقوق |
|---|---|---|---|
| | | | ▪ اگر عمارت کا 25 فیصد یا اس سے زیادہ حصے کے نقصان کی صورت میں پوری عمارت کا معاوضہ دیا جائے گا ملبے کی مد میں کٹوتی نہیں ہو گی۔ معاوضے کے ادائیگی کی ریٹس محکمہ تعمیرات و مواصلات طے شدہ ریٹ کے مطابق ہونگے۔<br>▪ متاثرہ عمارتوں کے مالکان کو ایک لاکھ پاکستانی روپے کی شرح سے منتقلی الاؤنس دیا جائیگا تاکہ متاثرہ عمارتوں کے ملبے کی نقل و حمل کے اخراجات ،مزدوروں کا معاوضہ اور دیگر اشیاء کو پورا کیا جاسکے۔ |

| نقصانات کی اقسام/ اثرات | نقصانات کی تفصیل | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | معاوضہ برائے آبادکاری اوراس کے حقوق |
|---|---|---|---|
| بے گھر ہونے کا معاوضہ | رہائش گاہ کا نقصان | بے گھر ہونے والے مالکان/ کرایہ دار/مزارع | ▪ ایک باراداکی جانے والی نقد امداد کوایک دفعہ منتقل ہونے کا معاوضہ 12ماہ کے مساوی ہے جو متبادل جگہ پر منتقل ہونے کے لئے علاقے میں موجودہ اوسط کرایہ کے مساوی ہے یا12 ماہ کی مہنگائی کے برابر (OPL)کے مطابق کرایا (روپے36697 x12 = 440,364روپے) |
| عبوری معاوضہ | | مالکان/کرایہ داروں کو گھروں سے بے دخلی۔ | ▪ بے گھرافراد کے لئےنئ مقام پر منتقل ہونےاور کرایہ اداکرنے کی مدمیں 12ماہ کا کرایہ ادا کرے گا۔یہ کرایہ یاتواس علاقے کی اوسط کرایوں کے برابر ہو گا۔اوریا12ماہ کے کرائے کے برابر معاوضہ جس کا حساب/نصاب |

| نقصانات کی اقسام/ اثرات | نقصانات کی تفصیل | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | معاوضہ برائے آبادکاری اور اس کے حقوق |
|---|---|---|---|
| | | | (OPL) کی دی گئ سفارشات کے مطابق ہو گا۔ |
| کمزور متاثرہ فرد کی مدد | کمزور گھرانوں کے لئے ذریعہ معاش کی مدد | تمام کمزور متاثرہ گھرانے (جو غربت کی لکیر کے نیچے ہو) چھوٹے زمیندار/ کرایہ دار/ تجاوزات، کل وقتی زرعی کارکن، خواتین کی سربراہی والے گھرانے، معذور افراد کے گھرانے | ▪ دیگر قابل قبول معاوضوں کے علاوہ 12 ماہ کی مہنگائی کے برابر ایک بار ادا کیا جانے والا معاوضہ نقد کے طور پر مختص کیا گیا ہے۔<br>▪ تعمیری عمل درآمد کے دوران متاثرہ گھرانے کے کم از کم ایک رکن کو کل وقتی ملازمت کے مواقع کو ترجیح دی جائیگی. |
| معاش کی بحالی | معاشی طور پر کمزور گھرانوں کی بحالی اور بہتری | تمام معاشی طور پر کمزور گھرانے (غربت کی لکیر سے | ▪ متاثرہ گھرانے کا ایک بالغ فرد ذریعہ معاش کی بحالی اور بہتری اور تربیت کے لۓ (LRIP) ذریعہ معاش |

| معاوضہ برائے آبادکاری اور اس کے حقوق | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | نقصانات کی تفصیل | نقصانات کی اقسام/ اثرات |
|---|---|---|---|
| بڑھانے یا شروع کرنے کا موقع ملے گا۔<br>▪ (LRIP) کے مطابق متاثرہ گھرانوں کی ذریعہ معاش کی بحالی اور بہتری کے اہل ہونگے۔ | نیچے) چھوٹے کسان اور مزارع/خواتین کی سرپرستی والے گھرانے، معذور افراد کی سرپرستی والے بے سہارہ گھرانے | | |
| ▪ تمام متاثرہ حدمات اور اثاثوں کی موجودہ جگہ یا متابادل مقام پر مکمل بحالی اور سہولیات یا تعمیر نو جسمیں نئی جگہ پر زمین کا بندوبست (یعنی مساجد، پل، سڑکیں، اسکول، صحت کے مراکز وغیرہ) | خدمات مہیا کرنے والے ادارے | اسکول، صحت کے مراکز، انتظامی خدمات، بنیادی عمارات / مسجد/قبرستان پل /سڑکوں وغیرہ کا نقصان | عوامی خدمات اور سہولیات / مقامی ابادی کے اثاثوں کا نقصان |
| ▪ تمام متاثرہ اور مقامی گھرانوں کو (SDP) سماجی و ترقیاتی | | تمام متاثرہ اور مقامی افراد | منصوبے کے فوائد |

| نقصانات کی اقسام/ اثرات | نقصانات کی تفصیل | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | معاوضہ برائےآبادکاری اوراس کے حقوق |
|---|---|---|---|
| | | | منصوبے کے تحت خدمات سے فائدہ حاصل کرنے کے حقدار ہونگے۔ |
| غیر متوقع نقصانات | | | ▪ PEDO منصوبے پر عمل درآمد کے کے دوران (اگر ضرورت پڑی) کسی بھی غیر متوقع منفی اثرات یا نقصانات سے نمٹنے کے لۓ مکمل انتظام کرے گی۔ جو کہ اس پرو گرام کی پالیسی اور عالمی ادارے 4.12 OP کے مطابق ہوگا۔<br>▪ (EA)Executing Agency اہلیت کے جدول کی روح کی روشنی میں کسی بھی غیر متوقع منفی اثرات سے نمٹے کے اہل ہونگے۔<br>▪ KHRE پرو گرام کے لئے آبادکاری کا پالیسی فریم |

| نقصانات کی اقسام/ اثرات | نقصانات کی تفصیل | معاوضہ برائے متاثرہ افراد / متاثرہ گھرانے | معاوضہ برائے آبادکاری اور اس کے حقوق |
|---|---|---|---|
| | | | ورک پر عمل کر کے منفی اثرات کو کم کرنے کے لئے معاوضہ حاصل کرنے کے جدول کے رو گردانی کی جائے گی۔ |

متاثرہ گھرانے بشمول وہ جو غریب ہیں اور جو اپنے پیداواری اثاثے کھو چکے ہیں ۔ان کے ذریعہ معاش اور آمدنی کو بحال کرنے کے لئے اضافی مدد ملے گی۔اس اضافی مدد میں مختصر اور طویل مدتی دونوں طرح کے اقدامات شامل ہیں۔ قلیل مدتی اقدامات میں متاثرہ زمین اور اثاثوں کو متبادل لاگت پر معاوضہ، شدید متاثرہ زمین مالکان کو تین سال کا اضافی فصلی معاوضہ، متاثرہ ذریعہ معاش کے لئے معاوضہ، عبوری الاؤنس، نقل و حمل الاؤنس شامل ہے۔ طویل مدتی اقدامات میں متاثرہ گھرانے اور کمزور افراد کے لئے روزگار کے مواقع فراہم کرنا بھی شامل ہے۔ معاش کی پائیدار بحالی اور بہتری کو یقینی بنانے کے لئے، ذریعہ معاش کی بحالی اور بہتری کا منصوبہ (LRIP) تیار کیا گیا ہے۔اس پر دوبارہ نظرثانی کی جائے گی۔اور منظوری کے لئے عالمی بینک (WB) کو پیش کیا جائے گا۔اس منصوبے میں متاثرہ گھرانے کی مختصر اور طویل مدتی بحالی اور ذریعہ معاش کی بہتری کے لئے مخصوص اقدامات کی سفارش کی جائے گی۔

مدین **ہائیڈرو**پاور پراجیکٹ (06) گاؤں پر مشتمل عوام کو متاثر کرے گا۔ ان عوام کے سماجی اور معاشی سرگرمیوں پر طویل مدتی سماجی اور معاشی اثرات مرتب ہوں گے۔ مدین **ہائیڈرو**پاور پراجیکٹ کی تعمیر کے ساتھ ساتھ عوام کی نقصانات کا ازالہ کرنے کے لئے ایک علیحدہ دستاویز کے طور پر ایک سوشل ڈیولپمنٹ پلان (SDP) تیار کیا گیا ہے۔اور اسے منظوری کے لئے عالمی بینک کو پیش کیا جائے گا ۔

PEDO پروگرام اور منصوبے پر عمل کرنے کے زمہ دار ہے۔PEDO منصوبے پر عمل درآمد پروجیکٹ مینجمنٹ آرگنائزیشن (PMO) کے ذریعے یقینی بنائی گی۔PMO اس کام کے لیے PIC کی مدد لی گی۔اس کے علاوہ

PMO متاثرہ خاندانوں میں نقد معاوضے کو موثر طریقے سے استعمال کرنے میں مشورہ فراہم کرنے کے لئے معاونین یا این جی اوز کی خدمات حاصل کرے گا۔ PMO پراجیکٹ کی منظوری کا انتظام کرے گا اور پراجیکٹ کے نفاذ کے لئے مطلوبہ بجٹ کی دستیابی کو یقینی بنائے گا۔اس کے علاوہ، شکایات کے ازالے کا طریقہ کار (GRM) بھی نافذ کیا جائے گا اور شکایات کے ازالے کی ازالے کی کمیٹی (جی آر سی) کو مطلع کیا جائے گا۔ تاکہ عوامی شکایات کی بروقت شنوائی اور ازالہ کیا جاسکے ۔

اس کے علاوہ (RAP) منصوبے کے لئے ایک مقررہ وقت پر عملدرآمد کا شیڈول تیار کیا گیا ہے اور اسے پروجیکٹ کی تعمیر کے شیڈول کے ساتھ ہم آہنگ کیا گیا ہے۔ عمل درآمد کا مجموعی شیڈول اس اصول پر مبنی ہے کہ آبادکاری کے فوائد متاثرہ گھرانوں کو بے گھر ہونے اور تعمیراتی کام شروع کرنے سے پہلے ادا کیے جائینگے۔

LAR کے تمام عمور کو Monitoring Team کے زیر نگرانی میں ہوں گے۔اندورونی نگرانی Executing Agency (PIC) کی معاونت سے کرے گی۔ اور بیرونی نگرانی ایک بیرونی ایجنسی (EMA) یا انفرادی خود مختار ماہر کو تفویض کی جائے گی جو EA کے ذریعہ شامل کیا جائے گا. بیرونی نگرانی منصوبے کی مدت کے دوران وقفے وقفے سے منصوبے کی سرگرمیوں کی نگرانی اور جائزہ لیا جائیگا ۔اور RAP کے مکمل نفاذ کی تکمیل کے بعد (Executing Agency) دوسالہ رپورٹ اور حتمی تشخیصی رپورٹ پیش کرے گی۔